**فوری ریلیز کے لیے:** 2/9/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

## گورنر KATHY HOCHUL کی جانب سے بیان

"ایک اور دن، اور نیو یارک کو Trump (ٹرمپ) انتظامیہ کی جانب سے انتہائی اہم وفاقی امداد سے ایک اور انکار کا سامنا ہے۔ صدر Trump (ٹرمپ) اور سیکریٹری Mullin (مولن) کی جانب سے انسدادِ دہشت گردی کی $87 ملین کی فنڈنگ مسلسل روکنے پر انہیں تنقید کا نشانہ بنانے کے صرف ایک دن بعد، آج میری انتظامیہ کو اطلاع دی گئی ہے کہ FEMA نے فروری کے اُس برفانی طوفان کے بعد بڑی آفت کے اعلان کے لیے ہماری اپیل باضابطہ طور پر مسترد کر دی ہے، جس سے $168 ملین سے زیادہ کا نقصان ہوا تھا اور نیو یارک شہر، لانگ آئی لینڈ اور مڈ ہڈسن کی کمیونٹیز پر شدید مالی بوجھ پڑا تھا۔

یہ طوفان وفاقی امداد کے لیے FEMA کے مقرر کردہ ہر معیار پر پورا اترتا تھا اس کے باوجود Trump (ٹرمپ) انتظامیہ نے سیاسی کھیل کھیلنا جاری رکھا اور نیو یارک کے ہر اس شہری کے ساتھ بے وفائی کی جو اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ وفاقی حکومت اس کے تحفظ اور معاونت کے لیے موجود ہے۔ مداخلت کرنے اور ہماری درخواست منظور کرنے سے انکار کر کے، صدر Trump (ٹرمپ) نے اس شدید طوفان کی سختی جھیلنے والے نیو یارک کے ہر شہری اور ہماری کمیونٹیز کو محفوظ رکھنے کے لیے انتھک کام کرنے والے اولین امدادی کارکنوں، یوٹیلیٹی کے عملے اور ہنگامی انتظامیہ کے اہلکاروں کو یہ پیغام دیا ہے کہ ان کی نظر میں ان کی کوئی اہمیت نہیں۔

لیکن یہ بات بھی واضح رہنی چاہیے کہ نیو یارک سے تعلق رکھنے والے کانگریس کے ریپبلکن ارکان بھی اس غفلت میں سہولت کار بن رہے ہیں۔ ان کی مسلسل خاموشی اور صدر سے اختلاف سے انکار ان کمیونٹیز کے ساتھ براہِ راست بے وفائی ہے جن کی خدمت کے لیے انہیں منتخب کیا گیا تھا۔ اب بہت دیر ہو چکی ہے اور کانگریس کے ان اراکین کو بہت پہلے ہی صدر سے مطالبہ کر دینا چاہیے تھا کہ وہ آفت کے اس اعلان کی منظوری دیں اور ان کے حلقوں کے لوگوں کو امدادی رقم کا ہر ایک ڈالر فراہم کریں جو ان کا حق ہے۔

صدر Trump (ٹرمپ) اپنی آبائی ریاست سے مسلسل منہ موڑ رہے ہیں، لیکن میں نیو یارک کے ہر شہری کی جانب سے ہمیشہ جدوجہد کرتی رہوں گی تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ انہیں اپنی حکومت سے وہ معاونت ملے جس کے وہ حق دار ہیں۔"

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے
press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔